24/01/2026  07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبر نامہ لے کر مینبلال وانی

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

* ....... وزیر اعظم نریندر مودی نے نوجوانوں کے لئے ملک اور بیرون ملک میں روزگار کے نئے مواقعے پیدا کرانے کا دہرایا عزم ۔

* .......لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سماجی ترقی کو یقینی بنانے میں بچیوں کے رول کو کیا اجا گر // نیشنل گرل چائلڈ ڈے کے موقعے پر ایک سازگار ماحول قائم کرانے کا کیا اعادہ ۔

* .......وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی شمالی اور جنوبی کشمیر کے اسمبلی حلقوں کے ساتھ بجٹ سے پہلے کی مشاورت۔

اور

* ....... آنے والی یوم جمہوریہ تقریبات کے سلسلے میں تمام انتظامات مکمل // مختلف اضلاع میں فُل ڈریس ریہر سلز کا انعقاد۔

مودی

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اُن کی حکومت نوجوانوں کے لئے ملک اور بیرون ملک نئے مواقعے پیدا کرنے کے لئے سنجیدہ کوششیں کر رہی ہے ۔ نئی دلی میں آج 18 ویں قومی روزگار میلے سے ورچول طریقے پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت مختلف ممالک کے ساتھ تجارت اور موبلیٹی کے معاہدوں پر دستخط کر رہا ہے تاکہ ملک کے ہنر مند نوجوانوں کے لئے روزگار کے مواقعے پیدا ہوں ۔ اس موقعہ پرملک کے 45 مقامات پر منعقد کئے گئے روزگار میلے کے دوران 61 ہزار نئے تعینات کئے گئے نوجوانوں میں تعیناتی کے آرڈر تقسیم کئے گئے۔

-------BYTE------

جتیندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ روزگار میلے کے دوران خواتین کانسٹیبلوں کی کا فی تعداد میں بھرتی عمل میں لائی گئی ہے۔

قومی روزگار میلے سے ورچول طریقے پر خطاب کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ حکومت کے مختلف اقدامات کی بدولت حفاظتی عملے میں خواتین کی تعیناتی ممکن ہو سکتی ہے۔

صدر جمہوریہ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 77ویں یوم جمہوریہ کے سلسلے میں کل شام قوم سے خطاب کریں گی۔ یہ خطاب آکاشوانی کے پورے نیشنل نیٹ ورک کے علاوہ دوردرشن کی تمام چینلوں پر ہندی پیش کیا جائے گا۔Version میں شام 7بجے نشر کیا جائے گا، اسکے فوراًبعد اسکا انگریزی

اس کے بعد ہی دوردرشن کی علاقائی چینلوں پر اس خطاب کا علاقائی زبانوں کا نشریہ پیش ہو گا جبکہ آکاشوانی تمام علاقائی نیٹ ورکس پررات کے ساڑھے9بجے علاقائی زبانوں میں اس کا ترجمہ پیش کیا جائے گا۔

ڈے

آج پورے ملک میں بچیوں کا قومی دن منایاجا رہا ہے ۔ آج کے دن لڑکیوں کے حقوق اور انہیں تعلیم ، صحت ، تغذیہ اور دوسرے شعبوں میں با اختیار بنانے کی اہمیت کو اجا گر کیا جاتا ہے ۔ اس دن کی مناسبت سے آج کئی تقاریب کا انعقاد ہوا جس دوران ماہرین نے جنسی تفاوت کو دور کرنے نیز لڑکیوں کے لئے ہر شعبے میں مساوی مواقعے فراہم کرنے کے پہلوؤں کو اجا گر کیا گیا ۔

مبارک باد

اس موقعے پر وزیر اعظم نریند رمودی نے ملک کی لڑکیوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہاکہ سرکار بچیوں کو با اختیار بنانے کیلئے ہر ممکن اقدام کر رہی ہے۔

سنہا چائلڈ

نیشنل گرل چائلڈ ڈے کے موقعہ پر لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بچیوں کو مبارکبا د دیتے ہوئے کہا کہ یہ سماجی ترقی کو یقینی بنانے میں اہم رول ادا کرتی ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دن ہم مختلف شعبوں میں بیٹیوں کی کارکردگی اور صلاحیتوں کا جشن مناتے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں

ہر ایک بیٹی کے حقوق کو تحفظ دینے نیز ان کے خوابوں کو شرمندہ تعبیر کرانے کے لئے ایک ساز گار اور موافق ماحول قائم کرنے کا عہد دہرانا چاہئے ۔

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج بھی متعلقین کے ساتھ بجٹ سے پہلے کا مشاورتی سلسلہ جا ری رکھا۔ آج سرینگر میں انہوننے جنوبی اور شمالی کشمیر کے اسمبلی حلقوں کے ارکان قانون سازیہ کے ساتھ بات چیت کے دوران وزیر اعلیٰ نے ان کے نقطہ نظر اور ترجیحات کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔

وزیر اعلیٰ نے اس موقعے پر کہا کہ اسطرح کی مشاورتیں ایک متوازن اور جمونو کشمیر کی شمولیاتی ترقی کے عین مطابق بجٹ تیار کرنے میں مدد ملے گی۔

سکینہ ایتو

سینٹر کا سنگ DIET صحت وطبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے ورچول طریقے پر کولگام میں بنیاد رکھا ۔ اس موقعے پر انہوننے کہا کہ موجودہ حکومت تعلیم کے بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کی وعدہ بند ہے۔

یوم جمہوریہ

جموں کشمیر میں آنے والی یوم جمہوریہ تقریبات کے سلسلے میں سلامتی سمیت تمام انتظامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے ۔ یوٹی میں یوم جمہوریہ کی سب سے بڑی تقریب جمونمیں منعقد ہوگی جبکہ کشمیر میں اس طرح کی بڑی تقریب بخشی اسٹیڈیم سرینگرمینمنعقد ہوگی ۔

پولیس اور انتظامیہ کے اعلیٰ افسران یوم جمہوریہ کی تقریبات منعقد ہونے والے مقامات کا دورہ کر کے از خود انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں ۔

دریں اثناءآج مختلف اضلاع میں یوم جمہوریہ کے سلسلے میں فل ڈریس ریہرسلز کا انعقاد کیا گیا جن میں مہمانِ خصوصی نے جھنڈا پھیرایا اور مارچ پاسٹ پر سلامی لی ۔

بخشی اسٹیدیم

بخشی اسٹیڈیم سرینگر میں بھی آج یوم جمہوریہ کے سلسلے میں فل ڈریس ریہر سیل کا انعقاد کیا گیا۔ ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے قومی پرچم پھیرا اور مارچ پاسٹ پر سلامی۔

اسٹیڈیم جموں میں بھی یوم جمہوریہ کے سلسلے میں فل ڈریس ریہر سیل منعقد ہوا جس MAاُدھر دوران ڈویژنل کمشنر جموں راکیش کمار نے قومی جھنڈا لہرایا اور مارچ پاسٹ پر سلامی لی۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل اپلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس Radiokashmir@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔

-----Gong----

یوم تاسیس

آج اتر پردیش کا یوم تاسیس منایا جا رہا ہے ۔ صدر جمہوریہ دروپدی مر مو نے اس موقعہ پر اتر پردیش کے لوگوں کو مبارک باد دی ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ نے امید ظاہر کی کہ اتر پردیش مستقبل میں بھی ترقی کی منزلوں کو چھوتا رہے گا ۔

وزیر اعظم نریندر مودی ، وزیر داخلہ امت شاہ اور جموں کشمیر کے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی اتر پردیش کے یوم تاسیس پر وہاں کے لوگوں کو مبارک باد دی ہے ۔ اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوں نے اترپر دیش کی روحانی اور ثقافتی تاریخ کو اجا گر کیا ۔

مبارکLG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج لوک بھون جموں میں اتر پردیش کے یوم تاسیس کے سلسلے میں منعقدہ تقریب میں شرکت کی۔ اس موقعے پر انہوننے اتر پردیش کے عوام کو مبارکباد اور نیک خواہشات دیں۔

انہوں نے ریاست کے مجاہدین آزادی اور دیگر عظیم شخصیات کو خراج عقیدت ادا کر تے ہوئے جدید بھارت کی تعمیر میں اُن کے رول کو اُجاگر کیا۔

ایل جی نے اس موقعے پر اتر پردیش کے روحانی اور ثقافتی ورثے پر بھی تفصیل سے روشنی ڈالی۔

خورشید

پچھلے دو ایک برسوں سے جموں کشمیر میں منشیات کی بدعت ایک بڑے مسلے کے طور پر ابھر رہی ہے انتظامی اور سماجی سطح پر اس تعلق سے کافی تشویش پائی جا رہی ہے اور اس کا کے چیر مین GCC قلع قمع کرنے کے لئے بار آور کوششیں جاری ہیں ۔ اس مسلے کی نسبت سے اور سابق گورنر کے مشیر خورشید احمد گنائی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

--(Byte)--

Skuast

زراعت اور اس سے منسلک شعبوں کو جموں کشمیر کے اقتصادی منظر نامے میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے اور شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر ان تمام شعبوں میں تحقیق کے اعلیٰ طور طریقوں کو بروئے کار لاتے ہوئے کسانوں کے معیارِ حیات میں بہتری لانے کی ہر ممکن کوشش کرتی ہے ۔ اس حوالے سے یونیورسٹی کے وائس چانسلر پرفیسر نذیر احمد گنائی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

--(Byte)--

سکمز

شیر کشمیر انسٹیچوٹ آف میڈکل سائنسز صورہ کو طبی نگہداشت کے شعبے میں ایک اہم مقام حاصل ہے اور وہاں مریضوں کا رش بڑھنے کے ساتھ ساتھ بنیادی سہولیات کو تقویت بخشنے کے لئے بھی اختراعی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اس تعلق سے انسٹیچوٹ کے ڈائریکٹر پروفیسر محمد اشرف گنائی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

--(Byte)--

شاہراہ

گزشتہ روز کی بارشوں اور برف باری کے بعد آج شہر سرینگر اور وادی کے سیگر علاقوں میں موسم مجموعی طور پر خوشگوار رہا ۔ دور افتادہ اور پہاڑی علاقوں میں سڑک رابطوں اور دیگر بنیادی ڈھانچے کو بحال کرنے کے لئے آج بھی کوششیں جاری رہیں ۔ ہمارے نمائندوں نے خبر دی ہے کہ سرینگر جموں قومی شاہراہ ، سرینگر لیہہ شاہراہ اور مغل روڑ بھاری برف باری کی وجہ سے بند ہےں ۔ ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے خبر دی ہے کہ سرینگر جموں قومی شاہراہ کو قابل آمد رفت بنانے کے لئے افرادی قوت اور مشینری کو کام پر لگایا گیا ہے ۔

اِدھر موسم میں بہتری آنے کے ساتھ ہی سرینگر ہوائی اڈے سے پروازوں کا سلسلہ بھی آج شروع ہو ا۔

ٹریفکIGP

سرینگر جموں قومی شاہراہ کی موجودہ صورتحال کے تعلق سے آئی جی پی ٹریفک سُلمان چودھری نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا

--IG (Traffic)--Byte---

راتھر

قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے بڈگام ضلع انتظامیہ کو ہدایت دی کہ وہ چرار شریف اور دیگر ملحقہ علاقوں میں برف ہٹانے کے کام میں تیزی لائے تاکہ لوگوں کو آنے جانے میں دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

شاہین

جنتا دل یونائٹیڈ کے صدر جی ایم شاہین نے ایک بیان میں کہا ہے کہ پٹن ، سنگھ پورہ اور کریری علاقوں مینبہت جلد بجلی سپلائی بحال ہو گی۔ انہوننے کہا کہ چیف انجینئر بجلی کشمیرنے اس حوالے سے ناہیں یقین دہانی کرائی ہے۔

تاریگامی

CPIM کے لیڈر محمدیوسف تاریگامی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ وادی بھر میں حالیہ تیز ہواؤں سے ہوئے نقصان کا جائزہ لے کر متاثرین کے حق میں معقول رلیف واگذار کریں۔

انہوننے کہا کہ وادی کے کئی دور افتادہ علاقوں میں پہلے تیز ہواؤں اور پھر بعد میں بارشوں اور برفباری سے لوگ پوری طرح متاثر ہوئے۔

PDF

پی ڈی ایف کے چیر مین حکیم محمد یاسین نے بڈگام ضلعے کے مختلف علاقوں میں تیز ہواو

ں سے رہائشی مکانات اور دیگر ڈھانچوں کو ہوئے نقصان پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ۂ انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ متاثرین کے حق میں فوری طور سے ریلیف واگزار کی جانی چاہئیں ۔

جموں

موجودہ موسمی صورتحال کے پیش نظر پونچھ پولیس نے عام لوگوں کی سہولت کے لئے ہیلپ لائن نمبرات جاری کئے ہیں ۔ ایس ایس پی پونچھ کا نمبر ہے 9596580785 ۔ پولیس نے کئی مقامات پر پھنسے لوگوں کو اپنی اپنی منزلوں تک پہنچانے میں مدد کی ۔

ادھمپور پولیس نے بسنت گڑھ علاقے میں 12 درماندہ افراد کو کامیابی کے ساتھ باہر نکالا ۔ پولیس نے پھلاٹا ریہمبل ادھمپور میں قرم واری سرینگر سے تعلق رکھنے والے شاہد مشتاق نامی ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے ۔

ایس ایس پی جموں جوگندر سنگھ نے ایک میٹنگ کے دوران ضلعے میں مجموعی سلامتی صورتحال اور یوم جمہوریہ تقریبات کے تعلق سے کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا ۔

کشمیر پولیس

پولیس نے آج ٹنگمرگ سب ڈویژن میں برفباری اور سڑکوں پر پھسلن کے دوران کئی سیاحوں کی مدد کی اور انہیں اپنی اپنی منزلوں تک پہنچنے میں راحت رسانی کی۔

ایک پریس بیان میں پولیس نے کہاہے کہ آج لگ بھگ1ہزار600سیاحوں کو گلمرگ لیجانے اور وہاں سے لانے میں مدد کی گئی ۔

BJP

بی جے پی جموں کشمیر کی طرف سے آج شکتی نگر جموں میں پارٹی کے ارکان اسمبلی کےلئے ایک جامع تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس دوران منتخبہ نمائندوں کے رول کے مختلف پہلوؤں کو اُجاگر کیا گیا۔

اس موقعے پر بی جے پی قومی جنرل سیکریٹری ترون چُگ ، بی جے پی جمونو کشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما ، ہماچل پردیش میں لیڈر آف اپوزیشن جے رام ٹھاکر ، دلی قانون ساز اسمبلی کے سپیکر وجندر گپتا، جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما، پارٹی کے جنرل سیکریٹری آر گنائزیشن اشوک کول اور دیگر کئی لیڈران موجود تھے۔

NC

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے ووٹروں کے قومی دن کے موقعے پر رائے دہندگان کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا ہے کہ ووٹ سے ذریعے سے ہی لوگ اپنی پسند کی حکومت وجود میں لا سکتے ہیں ۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ جمہوری نظام کا کوئی متبادل نہیں ہو سکتا ۔ انہوں نے تمام اہل ووٹروں سے اپیل کی ہے کہ وہ ووٹر فہرستوں میں اپنے ناموں کا اندراج یقینی بنائیں ۔

دریں اثناءپارٹی کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے ایک بیان میں کہا ہے کہ حالیہ تیز ہواو

---

ں ، برف باری اور بارشوں کے بعد پیدا شدہ صورتحال سے نمٹنے کے لئے انتظامیہ نے بے ۂ مثال کام کیا اور بیشتر بنیادی سہولیات جلد از جلد بحال کیں ۔

تعلیم دن

آج تعلیم کا بین الاقوامی دن ہے ۔ اس سال اس دن کا موضوع ہے ”The Power of Youth in Co-creating Education “ ۔ آج کے دن زندگی کے ہر ایک شعبے میں تعلیم کی اہمیت کو اجا گر کیا جاتا ہے ۔

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مو دی کل صبح گیارہ بجے من کی بات ریڈیو پروگرام کے ذریعے ملک اور بیرون ملک کے لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

یہ پروگرام پورے آکاشوانی اور دوردرشن نیٹ ورک، AIR نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن ائر مو بائل ایپ پر نشر کیا جائے گا۔

اور وزارت اطلاعات و نشریات کی یوٹیوب PMO، ڈی ڈی نیوز، AIR Newsمن کی بات پروگرام چینلوں پر بھی لائیو سٹریم کیا جائے گا۔

ہماری ذمہ داری

سماج میں خوشحالی اور لوگوں کے درمیان یکسانیت کو یقینی بنانے کےلئے ضرورت مند افراد کی مدد کرنا انسانیت کا تقاضا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

....(PM)....Byte........

کسی بھی سماج کا آسودہ حال طبقہ اس ضمن میں ایک مثبت اور ٹھوس رول ادا کر سکتا ہے۔اس بارے میں ایک فلم کوآرڈنیٹر سمیر ریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

Opening Music

........Byte........

Closing Music

چیف جسٹس

جے اینڈ کے جوڈیشل اکیڈیمی کی طرف سے جموں میں جمونو کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس، جسٹس ارون پلی جو جے اینڈ کے جوڈیشل اکیڈیمی کے سرپرست اعلیٰ بھی ہیں، کی نگرانی میں جوڈیشل افسروں کی صلاحیت سازی کےلئے ایک روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔

دکش

جموں کشمیر میں کسانوں کی بہبودی کے لئے شروع کئے گئے ”دکش کسان “ نامی پورٹل نے کافی پیش رفت حاصل کی ہے ۔ سرکار کی طرف سے جاری ایک پریس بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ پورٹل کسانوں کی بہبودی کو یقینی بنانے میں نمایاں رول ادا کر رہا ہے ۔ پورٹل کے ذریعے سے زراعت اور اس سے منسلک شعبوں میں 171 کورس منعقد کئے گئے ۔ علاوہ ازیں اس پر عمل میں لائی گئیں ۔ Enrollments تین لاکھ 47 ہزار رجسٹریشنز اور چار لاکھ 15 ہزار

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش یا برفباری ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت6اعشاریہ 4ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی1 اعشاریہ4ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت15اعشاریہ4ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت4اعشاریہ5 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر33منٹ اور

غروب آفتاب شام5 بجکر54منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر

کشمیری زبان میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔

.......................................

...................

..........